# وفاقی الیکشن کے بارے میں رہنما اصول



C'est notre vote

ووٹ ڈالنے اور صحت اور سلامتی کے جو اقدام ذیر عمل ہیں
ان کے متعلق سرکاری معلومات کے لیئے election.ca پر جائیں

Elections Canada

1-800-463-6868 / elections.ca ٹی ٹی وائی 1-800-361-8935

EC 90332-URD (02/2021)

# آپ کی صحت اور حفاظت ہماری ترجیح ہے

**آپ کے پولنگ اسٹیشن پر، انتخاب کے کارکن (پول ورکرز) ماسک پہنے ہوئے ہونگے۔ مندرجہ ذیل بھی ہونگے:**



ہینڈ سینیٹائزر کے اسٹیشن




جسمانی فاصلے کے لئے واضع نشانیں




فی ڈیسک صرف ایک انتخاب کا کارکن (پول ورکر) پلیکسی گلاس کی رکاوٹ کے پیچھے


**جب آپ ووٹ ڈالنے کے لئے جائیں، مت بھولیں:**



ماسک پہنیں



ہم آپ کو اپنے بیلٹ پرنشان لگانے کے لئے ایک یکوقتی استعمال کی پنسل فراہم کریں گے، یا آپ اپنا قلم یا پنسل لاسکتے ہیں




رائے دہندوں اور انتخاب کے کارکنوں (پول ورکرز) سے کم از کم دو میٹر کی جسمانی دوری برقرار رکھنے پر عمل کریں


**اگر آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت میں آیا ہے یا آپ کو کووِڈ-19 کی علامات ہیں، یا اگر آپ کا کسی ایسے شخص سے رابطہ ہوا ہے جسے وائرس ہے تو، ڈاک کے ذریعے رائے دہندگی کی درخواست جمع کرنے کے لئے elections.ca پر جائیں۔**

---

یہ کتابچہ **elections.ca** پر متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔
دیگر فارمیٹس کے لیئے جیسے بریل، بڑے حروف میں لکھے ہوئےاور ڈیزی (DAISY) کے لیئے ہمیں

**1-800-463-6868** یا **1-800-361-8935 (ٹی ٹی وائی)** پر فون کریں

## اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ووٹر معلوماتی کارڈ کے حصول کے لیئے رجسٹرڈ ہیں


Carte d'information de l'électeur

Voter Information Card

Elections Canada

POSTES CANADA / CANADA POST
Port payé / Postage paid
Poste-lettre / Lettermail
3122778

Élection fédérale

Pour voter, vous devez :
- être citoyen canadien
- avoir au moins 18 ans le jour de l'élection
- prouver votre identité et votre adresse

*Visitez **elections.ca** pour connaître les pièces d'identité acceptées.*

*Apportez cette carte et vos pièces d'identité pour faciliter le vote.*

C'est notre vote

Federal Election

To vote, you must:
- be a Canadian citizen
- be at least 18 years old on election day
- prove your identity and address

*Visit **elections.ca** to know what ID is accepted.*

*Bring this card with you, along with ID, to make the voting process easier.*

It's Our Vote

elections.ca

Nom ou adresse incorrects?
Vérifiez votre inscription à elections.ca.

Incorrect name or address?
Check your registration at elections.ca.

À l'électeur :
DOE, JOHN
123, RUE MAIN
ANYTOWN ON K1A5T7

To the Elector :
DOE, JOHN
123 MAIN STREET
ANYTOWN ON K1A5T7

35012 093-0 96

**اگر آپ رجسٹرڈ ہیں** تو جب الیکشن کا اعلان ہوگا، آپ کو ڈاک کے ذریعے آپنا ووٹر معلوماتی کارڈ وصول ہو گا۔ اس میں درج ہوتا ہے کہ آپ کب اور کہاں ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ جب آپ ووٹ ڈالنے کے لیئے جائیں تو ووٹ ڈالنے کے عمل کو آسان تر بنانے کے لیئے ایک منظور شدہ شناخۃ (آئی ڈی) سمیت اس کارڈ کو ساتھ لے کر آئیں۔

**اگر آپکو کارڈ وصول نہیں ہوتا ہے، یا اگر اس میں معلومات غلط درج ہیں،** تو ممکن ہے کہ آپ رجسٹرڈ نہ ہوں، یا آپ کے ووٹر معلومات تازہ ترین تقاضوں کے مطابق (اَپ ڈیٹ) نہ ہوں۔ رجسٹریشن کے لئے یا اپنے پتہ کو تازہ ترین بنانے (اَپ ڈیٹ کرنے) کے لیئے **elections.ca** پر جائیں یا ہمیں **1-800-463-6868** پر فون کریں۔ آپ جب ووٹ ڈالنے جائیں تب وہاں پر بھی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں یا اپنے ووٹر معلومات کو اَپ ڈیٹ کروا سکتے ہیں۔

---

### وفاقی الیکشن میں رجسٹر ہونے اور ووٹ ڈالنے کے لیئے ضروری ہے کہ آپ:

- کینیڈا کے شہری ہوں
- الیکشن کے دن کم از کم 18 سال کی عمر کے ہوں
- اپنی شناخت اور اپنے پتہ کی تصدیق کر سکیں

# ووٹ ڈالنے کے طریقے

**الیکشن کی مدّت کے دوران آپ تقریباً کسی بھی وقت ووٹ ڈال سکتے ہیں۔**
ووٹ ڈالنے کا وہ طریقہ چنیں جو آپ کے لیئے سب سے زیادہ موزوں ہے

ووٹ ڈالنے کے دن، مقامات اور اوقات جاننے کے لیئے اپنا ووٹر معلوماتی کارڈ چیک کریں۔

## 1 الیکشن کے دن

آپ کا تفویض شدہ پولنگ اسٹیشن 12 گھنٹوں تک کھلا رہے گا (صوبوں کی مطابقت سے اوقات مختلف ہو سکتے ہیں)۔

## 2 پیشگی پولنگ کے دنوں میں

آپ کا تفویض شدہ پولنگ اسٹیشن الیکشن کے دن سے پہلے والے ہفتے، جمعہ، ہفتہ، اتوار اور پیر کے دن صبح **9:00** بجے سے رات **9:00** بجے تک کھلا رہے گا۔.

## 3 ڈاک کے ذریعے

الیکشن کے دن سے پہلے والے منگل کے دن۔ شام 6:00 بجے سے پہلے درخواست جمع کریں۔ اس بات کی یقین دہانی کریں کہ الیکشن کے دن تک ہمیں آپ کی نشان زدہ بیلٹ موصول ہو جائے، ورنہ یہ نہیں گنی جائے گی۔ آخری تاریخ کے متعلق مزید معلومات کے لئے اور یہ جاننے کے لئے کہ ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنا آپ کے لئے صحیح انتخاب ہے یا نہیں **elections.ca** پر جائیں

## 4 سارے کینیڈا میں کسی بھی الیکشنز کینیڈا آفس پر

الیکشن کے دن سے پہلے والے منگل کے دن، شام 6:00 بجے سے پہلے الیکشن کینیڈا کے کسی بھی دفتر پر جائیں۔ آپ مخصوص بیلَٹ پروسِس کے ذریعے ووٹ ڈالیں گے۔ الیکشن کا اعلان ہو جانے کے بعد، اپنے قریب ترین دفتر کا پتہ لگانے کے لیئے **elections.ca** پر جائیں۔

ایک بار جب آپ بذریعہ ڈاک یا کسی الیکشنز کینیڈا کے دفتر میں ووٹ ڈالنے کے لئے درخواست دے دیتے ہیں تو اس الیکشن میں آپ کے ووٹ ڈالنے کا یہ **واحد** طریقہ ہو گا۔

# ووٹ ڈالنے کی شناخت (آئی ڈی) تیار رکھیں

**اپنی شناخت (آئی ڈی) اور اپنا پتہ ثابت کرنے کے لیئے اپ کے پاس تین آپشنز ہیں۔**
ووٹ ڈالنے کے لیئے ضروری ہے کہ آپ کینیڈا کے شہری ہوں اورالیکشن کے دن کم از کم 18 سال کی عمر کے ہوں

**آپشن 1**



**ان میں سے کو ئی ایک شناخت (آئی ڈی) دکھائیں**

- اپنا ڈرائورزلائسنس
- کینیڈا کی حکومت (وفاقی، صوبائی/ علاقہ جاتی یا مقامی) کی طرف سے جاری کیا گیا کوئی کارڈ جس پر آپ کی تصویر، نام اور موجودہ پتہ درج ہو۔

**یا**

**آپشن 2**



+



**کوئی دو عدد شناخت (آئیڈیز) دکھائیں**

دونوں پرآپ کا نام ہونا چاہیئے اور کم از کم ایک پر آپ کا موجودہ پتہ لازمی ہونا چاہیئے

**مثالیں:**

- ووٹرمعلوماتی کارڈ اور بینک اسٹیٹمینٹ
- یوٹِیلٹی بِل (بجلی پانی وغیرہ کا بِل) اور طالب علم کا شناختی کارڈ


**آپ کےپاس یہ چیزیں نہیں ہیں؟ کوئی مسئلہ نہیں!**

**دیگر قسم کی قابلِ قبول (شاخت) آئی ڈی بھی ہیں**


مکمل فہرست جاننے کے لیئے **election.ca** پرجائیں

**یا**

**آپشن 3**



+



**اگرآپ کے پاس آئی ڈی نہیں ہے**

اس کے باوجود بھی آپ ووٹ ڈال سکتے ہیں، آپ اگر اپنی شناخت اور اپنے پتہ کا تحریری طور پر حلفیہ دعویٰ کریں اور کسی ایسے شخص سے اپنی تصدیق کروائیں جو آپکو جانتا ہو اورجو آپکے پولنگ اسٹیشن سے منسوب ہو۔

تصدیق کرنے والے شخص کو اپنی شناخت اور پتہ ثابت کرنا ہونگے۔ ایک شخص صرف ایک ہی ووٹر کی تصدیق کرسکتا ہے (سوائے طویل مدتی نگہداشتی اداروں کے)

# ووٹ ڈالنے میں مدد کے لئے آلات اور خدمات



**الیکشن کے دن کے لیئے اور پیشگی پولنگ کے دنوں کے لیئے تمام ووٹرز پولنگ اسٹیشن سے تفویض کئیے جاتے ہیں۔** الیکشن کے اعلان کے بعد اس بات کی یقین دہانی کریں کہ تفویض شدہ پولنگ اسٹیشنز آپ کی رسائی کی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ یہ جاننے کے لئے کہ یہ کس حد تک رسائی کے قابل ہیں:

- اپنے ووٹر معلوماتی کارڈ کو چیک کر یں؛
- **elections.ca**پر جائیں اور وہاں موجود ووٹر معلوماتی سروِس باکس کے اندر اپنا پوسٹل کوڈ داخلکریں؛ یا
- **ہمیں 1-800-463-6868** یا **1-800-361-8935 (ٹی ٹی وائی)** پر فون کر یں۔

اپنے تفویض شدہ پولنگ اسٹیشن تک رسائی کے بارے میں آپ کو تشویش ہے، تو **ہمیں 1-800-463-6868** یا **1-800-361-8935 (ٹی ٹی وائی)** پر فون کر یں۔

ووٹ ڈالنے میں مدد ، بشمول بولی جانے والی زبان اور اشاروں والی زبان کے ترجمے کی پیشگی درخواست کے لیئے ، الیکشن کے دن سے پہلے والے منگل کے دن، شام 6:00 بجے سے پہلے اپنی رائٹنگ کے الیکشن کینیڈا دفتر پر فون کریں۔

---

## الیکشن کے دن ووٹ ڈالنے میں مدد کے آلات اور خدمات:




**بڑابیلَٹ** (رائےدہیکاکاغز) جس پر امیدوارکے نام **بڑے حروف**میںلکھےہوں



**زبان اور اشارے کی زبان کی ترجمانی** (اور) **پیشگی درخواست پر** دیگر امداد



**امیدواروں کےبڑے حروف میں چھپے ہوئے** اور **بریل فہرست**




**بیلَٹپر نشان ڈالنےکےلیئے مدد** (اپنے ساتھ کسی کو لے کر آئیں یا الیکشن کسی کے کارکن سے مدد مانگیں



**ٹیکٹائل (لمسی) اور بریل ووٹنگ ٹیمپلیٹ**



**گرفت کی آسانی کے لیئے موٹے پینسل** (محدود مقدار میں) آپ اپنا قلم یا پنسل بھی لا سکتے ہیں



**بڑا دکھانے والے شیشے (4 گنا)**



**درخواست کا رہنما (گائڈ)**

**نوٹ:** امیدواروں کی بریل فہرستیں صرف انتخابات کے دن دستیاب ہیں۔ پیشگی پولنگ کے دن اور انتخاب کے دن بڑے حروف میں لکھے ہوئے دستیاب ہے۔